COVID-19 کا علاج دستیاب ہے

COVID-19 کا علاج آپ کے جسم میں وائرس کی مقدار کو کم کر سکتا ہے، علامات میں کمی لا سکتا ہے اور آپ کو اسپتال میں داخل ہونے سے بچنے میں مدد دے سکتا ہے۔ علاج اس وقت سب سے زیادہ فائدہ مند رہتا ہے جب اپ اس کو بیمار پڑنے کے بعد جلد کروا لیں، لہذا اگر آپ کو علامات درپیش ہیں تو فوری ٹیسٹ کروائیں۔

اگر آپ میں COVID-19 کی علامات ہیں یا آپ کا ٹیسٹ مثبت آ جاتا ہے تو فوری طور پر علاج کے آپشنز کے بارے میں جاننے کے لیے اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو یا 212-268-4319 پر کال کریں۔

کس قسم کا علاج دستیاب ہے؟

منہ کے ذریعے لی جانے والے اینٹی وائرل گولیاں (پانچ دن کے لیے لی جانے والی گولیاں) علاج کی سب سے عام قسم ہیں۔ 12 سال یا اس سے زیادہ عمر کے لوگ جن میں علامات پچھلے پانچ دنوں میں شروع ہوئی ہیں، وہ اہل ہونے کی صورت میں منہ کے ذریعے لی جانے والے اینٹی وائرل گولیوں کے ساتھ علاج کروا سکتے ہیں۔

12 سال سے کم عمر کے لوگ یا وہ لوگ جو منہ کے ذریعے اینٹی وائرل گولیاں نہیں لے سکتے ہیں وہ دوسری قسم کا علاج کروا سکتے ہیں۔

علاج کے لیے کون اہل ہے؟

وہ لوگ جن کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے (کسی بھی قسم کے ٹیسٹ کا استعمال کرتے ہوئے) اور ان میں علامات موجود ہیں، وہ علاج کے اہل ہو سکتے ہیں۔

اپنے فراہم کنندہ سے علاج کے بارے میں بات کریں، خاص طور پر اگر:

- آپ کی عمر 50 سال یا زیادہ ہے
- آپ کو بنیادی صحت کا کوئی عارضہ درپیش ہے، جیسے موٹاپا، ذیابیطس، دل کے عوارض، پھیپھڑوں کے عوارض، گردے کی بیماری، کمزور مدافعتی نظام، یا حاملہ ہیں
- آپ کو COVID-19 سے تحفظ کی ویکسین **نہیں** لگی ہوئی

اگر آپ کوئی دوائیں لے رہے ہیں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں، کیونکہ اس سے اس بات پر اثر پڑ سکتا ہے کہ آپ کو کون سی قسم کا علاج ملنا چاہیے۔

میں علاج کیسے کروا سکتا ہوں؟

اگر آپ اہل ہیں تو آپ کا فراہم کنندہ منہ کے ذریعے لی جانے والے اینٹی وائرل گولیوں کے ساتھ علاج تجویز کر سکتا ہے یا علاج کے دیگر آپشنز تلاش کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ آپ:

- **expresscare.nyc** پر جا کر یا 631-397-2273 پر کال کر کے New York City Health + Hospitals Virtual ExpressCare سے رابطہ کریں۔
- **treatments.hhs.gov** پر جا کر وفاقی Test to Treat (علاج کے لیے ٹیسٹ) سائٹ تلاش کریں۔

علاج پر کتنا خرچہ آتا ہے؟

اگر آپ کے پاس Medicare یا نیو یارک اسٹیٹ کی Medicaid ہے تو منہ کے ذریعے لی جانے والی اینٹی وائرلز کے لیے فی الحال کوئی قیمت نہیں ہے۔ زیادہ تر نجی صحت بیمہ پلانز منہ کے ذریعے لی جانے والی اینٹی وائرلز کوور کرتے ہیں لیکن آپ کو کو پیمنٹ یا دیگر فیسیں ادا کرنی پڑ سکتی ہیں۔

اگر آپ غیر بیمہ شدہ ہیں، آپ کے پاس منہ کے ذریعے لی جانے والی اینٹی وائرلز کوور کے لیے صحت بیمہ کی کوریج نہیں ہے یا کو پیمنٹ لاگو ہوتی ہے، مریض کی معاونت کے پروگرامز آپ کے اخراجات کو کم یا ختم کر سکتے ہیں۔ منہ کے ذریعے لی جانے والی مختلف اینٹی وائرلز کے لیے مریض کی معاونت کے پروگراموں کے بارے میں جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں:

- **paxlovid.com/paxcess** (Paxlovid)
- **merckhelps.com/lagevrio** (Lagevrio)

اپنے فراہم کنندہ، فارمیسی اور صحت بیمہ پلان سے کسی بھی لاگت کی شیئرنگ کے بارے میں معلوم کریں اور جانیں کہ آیا آپ کو مریض کی معاونت کے پروگرام میں اندراج کروانا چاہیے۔

ویکسینیشن اپنی، اپنے خاندان اور اپنی کمیونٹی کی COVID-19 سے حفاظت کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔ ویکسینیشن سائٹ تلاش کرنے کے لیے **nyc.gov/vaccinefinder** پر جائیں یا 212-268-4319 پر کال کریں۔